

Jubilee
LIFE INSURANCE

حوّا

آپ کے خوابوں کی تعبیر!

HBL

عورت ہونے کے ناطے آپ اپنے گھر اور نوکری کے درمیان مصروف رہتی ہیں، حالات کا مقابلہ کرتی ہیں اور بدلتی ہوئے ٹرینڈز کے باوجود اپنے خاندان کے ساتھ کھڑی رہتی ہیں۔ آپ اور آپ کی مالی ضروریات منفرد ہیں۔ اپنے مالی معاملات کی پلاننگ کریں اور اپنے اور اپنے خاندان کے مستقبل کے تحفظ کے لئے منصوبہ بندی کریں۔ اس مقصد کے لئے جوبلی لائف انشورنس ایچ بی ایل کی برانچوں سے پیش کر رہا ہے **حوّا پلان**، جو آپ کے لئے ایک بیش قیمت تحفہ ثابت ہوسکتا ہے۔

برائے مہربانی ایچ بی ایل کی نامزد کردہ برانچوں پر موجود جوبلی لائف کے نمائندوں سے رابطہ کر کے اپنی ضروریات کے مطابق مناسب پلان حاصل کریں۔ برانچوں کی تفصیلات www.hbl.com پر دستیاب ہیں۔

## خصوصیات:

| | | |
|---|---|---|
| عمر | کم از کم 18 سال، زیادہ سے زیادہ 50 سال | |
| میچورٹی کے وقت عمر | 75 سال | |
| پالیسی کی مدت | 10 سے 57 سال<br>پالیسی 10 سے 57 سال کی مدت تک کبھی بھی جاری رکھی جاسکتی ہے۔ مدت کا انحصار پالیسی ہولڈر کی ضروریات اور پالیسی خریدتے وقت کی عمر پر ہے۔ | |
| کم از کم پریمیئم | سالانہ | 18,000 روپے |
| | ششماہی | 9,000 روپے |
| | سہ ماہی | 4,500 روپے |
| | ماہانہ | 1,500 روپے |
| کور ملٹیپل | 5 | |
| سم اشورڈ | ریگولر سالانہ بنیادی پریمیئم x کور ملٹِپل | |

## تحفظ

نامزد ورثاء کو انتہائی قابلِ قدر تحفظ پیش کیا جاتا ہے جو پالیسی ہولڈر کی ناگہانی موت کی صورت میں فوائد حاصل کرتا ہے۔ ان فوائد میں سم ایشورڈ کے ساتھ ساتھ فنڈز کی جمع شدہ کیش ویلیو یا ادا کی گئی پریمیئم میں سے جو بھی زیادہ ہو شامل ہوتے ہیں۔

## پلان کی تکمیل:

منتخب کردہ میعاد کی کامیاب تکمیل پر پالیسی ہولڈر کو فنڈز کی مجموعی کیش ویلیو ادا کی جائے گی۔

## فوائد:

مندرجہ ذیل تحفظ اور سرمایہ کاری جیسے عمومی لاگو فوائد کے علاوہ، یہ پلان آپ کو اضافی فوائد فراہم کرتا ہے اور اس بات کی آزادی دیتا ہے کہ آپ اپنے مقاصد اور مالی استطاعت کے مطابق مختلف بیمہ فوائد میں سے انتخاب کر سکتے ہیں۔

سم اشورڈ اور فوائد کے حصول کے لئے آپ اپنے خاندان میں سے کسی کو اپنے وارث کے طور پر نامزد کر سکتے ہیں۔

## اضافی فوائد:

1۔ شوہر کی حادثاتی موت:

60 سال کی عمر سے پہلے آپ کے شوہر کی ناگہانی موت کی صورت میں آپ پر پڑنے والے مالی دباؤ سے بچانے کے لئے آپ کو 500,000 روپے تک کی اضافی رقم ادا کی جائے گی۔

2۔ آٹومیٹک کور مینٹیننس:

دو سال تک پریمیئم کی ادائیگی کے بعد اگر آپ پریمیئم ادا نہ کر پائیں تو بھی آپ لائف انشورنس تحفظ کے اہل ہوں گے، جب تک آپ کے پلان کی کیش ویلیو پالیسی چارجز کی ادائیگی کے لئے کافی ہو۔

3۔ ایڈہاک پریمیئم:

اگر آپ کے پاس کسی بھی مرحلے پر اضافی فنڈز دستیاب ہوتے ہیں تو آپ یہ پلان کے تحت کسی بھی وقت اپنی مرضی کے کسی فنڈ میں سرمایہ کاری کے لئے مختص کر سکتے ہیں۔ ایڈہاک میں سرمایہ کاری سے آپ کی کیش ویلیو میں اضافہ ہوگا۔

## اختیاری فوائد:

1۔ حادثاتی موت:

پالیسی ہولڈر کی حادثاتی موت کی صورت میں نامزد کردہ ورثاء کو ایک اضافی رقم ادا کی جائے گی۔

## سرمایہ کاری کے مواقع:

1۔ پریمیئم ایلوکیشن:

آپ کی سرمایہ کاری کیلئے مختص پریمیئم کی تفصیل درج ذیل ہے:

| پہلا سال | دوسرا سال | تیسرا سال | چوتھا اور پانچواں سال | چھٹے سال اور زائد | ایڈہاک |
|---|---|---|---|---|---|
| 30% | 85% | 90% | 100% | 103% | 100% |

## 2۔ سرمایہ کاری کے لئے فنڈز کا انتخاب:

درج بالا ٹیبل کے مطابق آپ کی ادائیگیوں کو آپ کی مرضی کے فنڈز میں مختص کیا جائے گا۔

| فنڈز | |
|---|---|
| **مینیجڈ فنڈ:**<br>مینیجڈ فنڈ کا مقصد متوازن سطح کے وسیع رینج والے شیئرز، حکومتی اور فکسڈ انکم سیکورٹیز اور دیگر کیش ڈپازٹس میں ایسی سرمایہ کاری ہے جس سے سرمائے میں زیادہ سے زیادہ اضافہ ممکن ہو سکے۔ | **کیپٹل گروتھ فنڈ:**<br>کیپٹل گروتھ فنڈ کا مقصد پالیسی ہولڈرز کے لئے اسٹاک کی بنیاد پر زیادہ سے زیادہ منافع کا حصول ہے جس کے لئے مختلف اقسام کے اثاثہ جات پر سرمایہ کاری کی جاتی ہے، جس میں گورنمنٹ سیکورٹیز، ٹرم فنانس سرٹیفکیٹ اور بینک ڈپازٹس شامل ہیں۔ |
| **میثاق فنڈ:**<br>میثاق فنڈ کا مقصد ایسے سرمایہ کاروں کو مواقع فراہم کرنا ہے جو سود سے پاک سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں۔ میثاق فنڈ کے ذریعے منتخب کردہ اسٹاکس، سکوک بانڈز، اسلامی بینکوں کے شارٹ ٹرم ڈپازٹس، اسلامی میوچل فنڈز، اسلامی بینکوں کے فکسڈ انکم فنڈز اور دیگر سود سے پاک سرمایہ کاری کے ذرائع میں سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔ | **یقین گروتھ فنڈ:**<br>یقین گروتھ فنڈ کا مقصد جوبلی لائف کے پالیسی ہولڈرز کو ایکوٹی سے کم سے کم متاثر ہونے والے فکسڈ انکم سیکورٹیز کے وسیع پورٹ فولیو میں شرکت کا موقع فراہم کرنا ہے۔ یقین گروتھ فنڈ ایسے افراد کے لئے مناسب ہے جو ڈیبٹ سیکورٹیز کے زیر اثر سرمایہ کاری سے منافع حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ |

**نوٹ:** جوبلی لائف انشورنس کے فنڈز کے یونٹ نرخ صف اول کے روزناموں میں اور جوبلی لائف انشورنس کی ویب سائٹ www.jubileelife.com پر دیکھے جا سکتے ہیں۔

## اضافی معلومات:

### جزوی دستبرداری:

کسی ہنگامی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے آپ پالیسی سے دستبردار ہوئے بغیر کوئی بھی رقم نکلوا سکتے ہیں جب تک پالیسی کی باقی ماندہ کیش ویلیو *18,000 روپے یا اس سے زیادہ رہے۔ آپ کو لائف انشورنس کور حاصل رہے گا بہرحال آپ کے سم اشورڈ سے جزوی طور پر نکالی گئی رقم جتنی کٹوتی کی جائے گی۔ جزوی دستبرداری کا اختیار پالیسی کے دو سال مکمل ہونے اور دو سالانہ پریمیم کی ادائیگی کے بعد دستیاب ہوتا ہے۔

* باقی ماندہ کیش ویلیو کی حد پر جوبلی لائف نظر ثانی کر سکتی ہے۔

### مکمل دستبرداری:

آپ کو پالیسی کے دو سال مکمل ہونے اور دو سالانہ پریمیم کی ادائیگی کے بعد کسی بھی وقت پالیسی سے دستبرداری کا اختیار حاصل ہے۔ دستبرداری پر آپ کو آپ کے فنڈز کی کیش ویلیو کی مکمل ادائیگی کر دی جائیگی۔ بہرحال پالیسی کے ابتدائی سالوں میں دستبرداری کی صورت میں کیش ویلیو میں کمی واقع ہوگی۔

## فرِی لک عرصہ:

آپ کو 14 دن کا فرِی لک عرصہ دیا جائے گا جس کے دوران آپ پالیسی کی شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں اور چاہیں تو پالیسی منسوخ کر سکتے ہیں۔ آپ کا پریمیئم، پالیسی کے اجراء کی تاریخ کے 14 دن کے اندر آپ کی تحریری درخواست پر آپ کو واپس کر دیا جائے گا۔ برائے مہربانی اس بات کو نوٹ کر لیں کہ جوبلی لائف طبی معائنے پر ہونے والے اخراجات (اگر کوئی ہوئی تو) کی کٹوتی کی مجاز ہے۔

## افراطِ زر سے مقابلہ:

افراط زر سے مقابلہ کرنے کے لئے آپ پالیسی میں انڈیکسیشن کا آپشن منتخب کر سکتے ہیں۔ اس آپشن کے تحت، جوبلی لائف انشورنس کی طے کردہ حد کے مطابق پریمیئم میں اضافہ ہوتا رہے گا۔ بہرحال آپ کو اس بات کا اختیار ہے کہ آپ انڈیکسیشن کا آپشن مسترد کر دیں۔

## پلان کے حصول کا طریقہ:

حوّا پلان حاصل کرنے کے لئے آپ کو ایچ بی ایل کی برانچ میں موجود جوبلی لائف انشورنس کے نمائندوں کو مندرجہ ذیل مکمل شدہ دستاویزات جمع کرانے ہوں گے:

- شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی
- مکمل پروپوزل فارم بمعہ دستخط
- دستخط شدہ ڈائریکٹ ڈیبٹ انسٹرکشنز
- دستخط شدہ بیسک فیکٹ شیٹ
- دستخط شدہ پراڈکٹ انٹروڈکشن ڈاکیومنٹ
- اسسمنٹ فارم
- دستخط شدہ السٹریشن

## چارجز:

حوّا پلان پر مندرجہ ذیل چارجز* لاگو ہوں گے:

- فنڈ ز ویلیو کا %1.5 سالانہ انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارج
- 110 روپے ماہانہ انتظامی فیس
- %5 بِڈ آفر اسپریڈ
- مورٹیلٹی چارجز کا اطلاق
- رائیڈر منتخب کرنے کی صورت میں لاگو رائیڈرز چارجز
- سوئچنگ / ری ڈائریکشن، 500 روپے اگر فی سال چار سے زائد منتخب کیا گیا ہو

* جوبلی لائف انشورنس تمام معاوضوں پر نظرثانی کر سکتی ہے۔

## اعلانات:

- یہ پراڈکٹ جوبلی لائف کی جانب سے پیش کی جارہی ہے۔ایچ بی ایل پاکستان یااس سے ملحقہ ادارہ اس سے متعلقہ کسی چیز کا ضامن نہیں ہوگا اور نہ ہی یہ پراڈکٹ ایچ بی ایل پاکستان کی جانب سے پیش کی جارہی ہے۔بیمہ شدہ کسٹمرز یاورثاء کوکلیم کی ادائیگی کے لئے جوبلی لائف ذمہ دار ہے۔
- جوبلی لائف کے فنڈز کی ماضی کی کارکردگی ضروری نہیں ہے کہ مستقبل کی کارکردگی کی نشاندہی کرے۔ کوئی بھی کی گئی پیشن گوئی ضروری نہیں کہ فنڈز کے مستقبل کی کارکردگی کو ظاہر کرے۔اس سلسلہ میں نہ تو جوبلی لائف اور نہ ہی ایچ بی ایل پاکستان پراس کی ذمہ داری عائد ہوگی۔
- ہمارا سیلز کا نمائندہ آپ کو ذاتی السٹریشن فراہم کرے گا۔ براہ کرم دیگر شرائط وضوابط کی تفصیلات جاننے کے لیے السٹریشن میں دیئے گئے نوٹس کا مطالعہ کریں۔
- براہِ کرم دیگر شرائط وضوابط کے تفصیلی جائزے کے لئے پالیسی دستاویزات کا مطالعہ کریں۔
- پالیسی حاصل کرتے وقت بیمہ دار کی عمر 55 سال ہو یا قریب ترین تاریخ پیدائش اسکے قریب ہوتو ضمنی فوائد دیئے جاسکتے ہیں۔
- ایچ بی ایل پاکستان، جوبلی لائف کے لئے تقسیم کار کی حیثیت سے کام کر رہا ہے اور کسی طور پر بھی کسی شخص، بیمہ شدہ فرد یا وارث کو جوابدہ نہیں ہے۔
- سرمایہ کاری میں نقصان خدشات پالیسی ہولڈر کی جانب سے برداشت کئے جائیں گے، پلان کی تکمیل کے وقت یا پالیسی ختم کرنے کے وقت اصل رقم بیان کردہ رقم کے مقابلے میں کم یا زیادہ ہوسکتی ہے۔
- براہ کرم بنیادی فنڈ کے ٹارگٹ ایسٹ مکس کی معلومات کے لئے کمپنی کی ویب سائٹ ملاحظہ کیجئے:
http://jubileelife.com/investor-relations/investors-out-look/

## رابطہ کی تفصیلات:

شکایت اور مزید تفصیلات کے لئے آپ رابطہ کرسکتے ہیں:

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ

ہیڈ آفس: A-74/1، لالہ زار ایم ٹی خان روڈ، کراچی، 74000، پاکستان

ٹیلی فون: (021) 32120201, 35205094

فیکس: (021) 35610959

ای میل: info@jubileelife.com

ویب سائٹ: www.jubileelife.com

یواے این: (021) 111 111 554

ایس ایم ایس: "JUBILEELIFE" لکھ کر 8398 پر بھیجیں

حبیب بینک لمیٹڈ

یواے این: 111-111-425

ویب سائٹ: www.hbl.com